یاهو

چراغ دهلی

نمبر ۱۷ | مطبوعہ ۳۰ ماہ جون سنہ ۱۸۶۶ء یوم شنبہ | جلد اول



دهلی

بتاریخ ۲۶ جون دو چور اور ایک کنسٹبل آ
طوالیف ساکن مٹیا محل کے گھر میں نقب کر رہے
تھے سنار و ہشیارہ نی ڈپٹی انسپکٹر کو خبر کی اونے
تینوں کو گرفتار کر کر حوالہ عدالت کیا میجر
مافنلنڈ صاحب بہادر ڈپٹی انسپکٹر جنرل
پولیس بطریق دورہ دہلی تشریف لائے اور اوپر کوٹھی
میجر اوچرڈ صاحب بہادر کے رونق افروز ہیں
ہفتہ گذشتہ میں ہر روز گرد و غبار رہا
مگر باران نہیں ہوا لیکن یقین یہہ ہے کہ اب
جلدی برسیگا اسواسطہ کہ غبار چہرہ
گردون دلیل باران است فقط

خلاصہ گورنمنٹ گزٹ

احکام

جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی کے

اشتہارات

صیغہ عدالت (فوجداری)

نمبر ۳۹۹ (الف)

۱۵ جون ۱۸۶۶ء

سی سی ہکس صاحب ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر للت پور کو بصورت خاص مجسٹریٹی کے اختیارات کامل حسب مندرجہ دفعہ ۲۲ ایکٹ ۲۵ ۱۸۶۱ء بشرط نتیجہ امتحان آیندہ مرحمت ہوئی

صیغہ پولیس

نمبر ۳۴۸ (الف)

۱ جون ۱۸۶۶ء

کپتان ڈی ڈینیھی صاحب ہمیرپور کے سوپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع کو بموجب حکم گورنمنٹ ہند مورخہ ۱۳ اکتوبر ۱۸۶۳ء کے دو مہینے کے رخصت رعایتی ۲۵ ماہ گذشتہ یا تاریخ مابعد سے جب مشارالیہ اس سے مستفید ہوا عنایت ہوئی

نمبر ۳۴۹ (الف)

لفٹنٹ جی ڈبلیو اڈوڈا صاحب اسسٹنٹ سوپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع تا ایام غیر حاضری برخصت کپتان ڈینیھی صاحب یا تا صدور حکم ثانی ہمیرپور کا قائم مقام سوپرنٹنڈنٹ پولیس ضلع مقرر ہوا

صیغہ مال

نمبر ۴۲۴ (الف)

۹ جون ۱۸۶۶ء

ایس ایم مونس صاحب اسسٹنٹ درجہ دوم صیغہ بندوبست متعینہ ضلع بریلی کو اختیارات مندرجہ دفعہ ۹ ایکٹ ۴ ۱۸۶۳ء اور نیز اختیارات کلکٹر جو آراضی کے بندوبست یا اوسکی ترمیم کے لئے بموجب قانون ۷ ۱۸۲۲ء مامور کیا جاتا ہی سپرد ہوئے

نمبر ۴۲۷ (الف)

۱۱ جون ۱۸۶۶ء

محمد ضمیر الدین احمد قائم مقام ڈپٹی کلکٹر باندہ تا ایام غیر حاضری برخصت این پارسک صاحب یا تا صدور حکم ثانی جونپور کا قائم مقام ڈپٹی کلکٹر مقرر ہوا

نمبر ۴۲۹ (الف)

غلام حسین تحصیلدار رسول آباد واقع ضلع کانپور تا ایام غیر حاضری برخصت سی ڈبلیو کنلاک صاحب یا تا صدور حکم ثانی باندہ کا قائم مقام ڈپٹی کلکٹر بہ تین ۴ ۱۸۶۳ء مقرر ہوا اور مشارالیہ کو اختیارات مجسٹریٹ ماتحت درجہ حسب مندرجہ دفعہ ۲۲ ایکٹ ۲۵ ۱۸۶۱ء عطا ہوئے

نمبر ۳۳۴ (الف)

جی بیکر صاحب ڈپٹی کلکٹر الہ آباد اسی
عہدہ پر آگرہ مین منتقل کیا گیا ◆

نمبر ۴۳۴ (الف)

ٹی ای براون صاحب ڈپٹی کلکٹر
آگرہ اسی عہدہ پر الہ آباد مین منتقل کیا گیا
یہ تقررات ۱۰ اکتوبر آیندہ سی نفاذ پذیر ہونگے

نمبر ۵۴۴ (الف)

ڈی انتونی صاحب ہیڈ کلارک محکمہ کمشنری
الہ آباد بجای بابو الشان چندر مکرجی کے
جو جہانسی منتقل کیا گیا ہی فرخ آباد کا قائم
مقام ڈپٹی کلکٹر آئین نمبر ۴ سنہ ۱۸۳۳ء
مقرر ہوا اور مشار الیہ کو اختیارات مجسٹریٹ
ماتحت درجہ دوم حسب متذکرہ دفعہ
۲۲ ایکٹ ۲۵ سنہ ۱۸۶۱ء عطا ہوئی

صیغہ متفرقہ

نمبر ۱۹۳۸ (الف)

۹ جون سنہ ۱۸۶۶ء

تصحیح غلطی - اشتہار نمبر ۱۹-۱ (الف)
مورخہ ۱ مئی سنہ ۱۸۶۶ء مین جسکی بموجب
ضلع جہانسی مین حصص ضلع اور سب جیل
مقرر ہوی ہین بجای دفعہ ۲ ایکٹ ۲ سنہ ۱۸۶۴ء
کی دفعہ ۲ ایکٹ ۲ سنہ ۱۸۶۶ء پڑھنا چاہئی

نمبر ۱۹۴۳ (الف)

ڈاکٹر ای بیل صاحب قائم مقام سول سرجن
شاہجہانپور کو سپرنٹنڈنٹ مذکور کی جیلخانہ
کا اہتمام سپرد ہوا اور مشار الیہ کو اختیارات
مجسٹریٹ حسب متذکرہ دفعہ ۲۲ ایکٹ ۲۵
سنہ ۱۸۶۱ء اس جیلخانہ کی احاطہ کی اندر عمل
مین لانی کی کسی سپرد ہوی جو اسکی زیر اہتمام ہی

نمبر ۱۹۶۱ (الف)

۱۱ جون سنہ ۱۸۶۶ء

بہ تسلسل اشتہار صیغہ ہذا نمبر ۱۹۵۶
(الف) مورخہ یکم ماہ حال جناب نواب
لفٹنٹ گورنر بہادر بموجب اس اختیار
کی جو گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی کو از روی
ضمن ۴ دفعہ ۱۷ ایکٹ ۲۰ سنہ ۱۸۶۰ء کی
حاصل ہی ارشاد فرماتی ہین کہ ضلع علیگڈھ
مین پٹہ جات اراضی کاشت نیل کے
جنکی میعاد دو برس سی اور لگان سالانہ
مندرجہ انکا صد سی زیادہ نہ ہو رجسٹری
لازمی سے معاف کئی جائین ◆

نمبر ۱۹۶۳ (الف)

جی ایچ لارنس صاحب قائم مقام مجسٹریٹ
اور کلکٹر علیگڈہ کو بموجب دفعہ ۶
قواعد جدید رخصت ملازمان متعہد کے
تین مہینی کی رخصت رعایتی ۱۵ اگست آیندہ
یا تاریخ مابعد سی جب مشار الیہ اس سی
مستفید ہو مرحمت ہوئی ◆

نمبر ۱۹۸۳ (الف)

۱۲ جون سنہ ۱۸۶۶ء

سی ڈوڈوین صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ
اور کلکٹر سہارنپور کو بموجب دفعات
۶ و ۷ قواعد جدید رخصت ملازمان متعہد کے

دو مہینی کی رخصت رعایتی دو دفعہ کر کی
یعنی پہلی رخصت ۱۰ جون سنہ ۱۸۶۶ع
سی اور دوسری ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۶۶ع
یا تواریخ مابعد سی جب سی چارج اپنا اسکی
سسٹنٹ کو سپرد کریں مستفید ہو مرخص ہوئے ۰

نمبر ۲۰۹

مقام الہ آباد ـ ۱۴ جون سنہ ۱۸۶۶ع
واضح ہو کہ پادری جی ڈاسن صاحب
جہاز دخانی موسومہ ... جو سرجیز
کو جائیگا اور جیسی صاحب پلٹ ۲۷
مئی سنہ ۱۸۶۶ع کو سندر مین پہنچا آیا
سوار تھا ۰ نمبر ۲۰۱ (الف)

۱۵ جون سنہ ۱۸۶۶ع

صاحبان مندرجہ ذیل بستی کی شفاخانہ
کی کمیٹی کی ممبر مقرر ہوی اور آئندہ
بانسی کی شعبہ شفاخانہ کا بھی انتظام
کیا کریں گے ۰ صاحب مجسٹریٹ اور کلکٹر
ار ای ہوبرٹ صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ
اور کلکٹر ۰ سی ڈبلیو کوک صاحب
ساکن بستی ۰ جی بیسی صاحب ساکن بردپور
راجہ مہندر سنگھ رئیس بانسی ۰
ڈاکٹر بیکت صاحب سول اسسٹنٹ سرجن
حسب الحکم جناب نواب لفٹنٹ گورنر بہادر
ممالک مغربی و شمالی ۰

ارسن
سکرتری گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی

حکم

صدر دیوانی عدالت ممالک مغربی و شمالی

قواعد مزید در باب نیلام اجرای ڈگری

سرکلر حکم

نمبر ۲ بابت سنہ ۱۸۶۶ عیسوی
جملہ حکام دیوانی اضلاع ممالک مغربی و شمالی
مکتوب الیہم مقام آگرہ ـ ۱۸ مئی سنہ ۱۸۶۶ع
حکام صدر دیوانی عدالت بمنظوری گورنمنٹ
علاوہ ان قواعد کی جو انکی سرکلر حکم
نمبر ۲۶ مورخہ ۱۲ نومبر سنہ ۱۸۶۲ع مین
مندرج ہین اور قواعد در باب نیلام علت
اجرای ڈگری مشتہر فرماتی ہین ۰
جب کبھی حسب قواعد مذکورہ واسطی نیلام
کسی جایداد اراضی کی حکم دیا جاوی
تو عدالت امر نیلام کو مناسب ہی کہ ڈگریدار
یا اس شخص کو جسکی فائدہ کی لئی جایداد
مذکور نیلام ہونی والی ہی ہدایت کری کہ
دو روپیہ علاوہ دیگر اخراجات کی واسطی
ادای خرچ نیلام کی صاحب کلکٹر کی پاس
جمع کری اگر نیلام عمل مین آئی تو زر نیلام
سی ایک آنہ فی روپیہ وضع کیا جاویگا
اور اگر کل زر وضع شدہ کی تعداد زر جمعہ
مذکورہ بالا سی زاید ہون تو زر جمعہ مذکور
جمع کرنیوالی کو واپس دیا جاوی اور زر
وضع شدہ سرکار مین سیاہہ ہوگا اگر بعد
اجرای اشتہار بوجہہ ادا ہوجانی زر دعوی
کی یا کسی اور باعث سی نیلام عمل مین نہ آویگا

اور اشتہار منسوخ کیا جاوی کا تو زر جمعیتہ
سرکار مین سیاہ ہوگا ٭

دستخط اجیس مسن
رجسٹرار

سزای تازیانہ

یہہ سزا نہایت ناپسندیدہ ہی علاوہ اسمین
خوف جان بہی ہی بالفعل مقام مونگیر مین
ایک شخص کو یہہ سزا ہوی تہی کہ شخص مذکور
اوسی سزای مذکور کی صدمہ سی مرگیا پیچہ
سی معلوم ہوا کہ وہ شخص کچہہ بیمار بہی تہا
صاحب اخبار اس خبر پر نہایت افسوس
کرتی ہین فقط از روہیلکہنڈ

ڈاک خانہ

ورنیولا صاحب پوسٹ ماسٹر جنرل ممالک
مغربی و شمالی نی یہہ سرکلر جاری فرمایا
ہی کہ ہر ایک ملازم ڈاکخانہ کی ضمانت بقدر
تنخواہ ایک سال کی لیجاوی اور جو شخص
اکہٹا روپیہ نہ دی سکی تو اوسی تنخواہ اوسکی
ماہ بماہ دو سال تک اکہٹی رہے فقط ایضا

تخمینہ چاہ

کمشنر آسام نی گورنمنٹ بنگال کو اطلاع
دی ہی کہ کاشتکاران چاہ اچہی طرح
پیداواری چاہ سے اطلاع نہین
دیتی ہین اسوجہہ سی تشخیصات پیداوار
درست نہین ہوسکتی گورنمنٹ نے
صاحب کمشنر کو لکہا ہی کہ تشخیصات تخمینہ
جسقدر ممکن ہو درست ہونی جائیین

صاحبان ضلع تخمینہ کام کا دیکہتی ہین
اگر یہہ نقشہ بالکل صحیح نہ بنسکیگا تو
قدری فرق کا مضایقہ نہین فقط ایضا

کلکتہ

ایک پولیس کانسٹبل کل کی روز صرف
بجرم چاندنی و ہاتکی بکی کے اندر
احاطہ قلعہ گرفتار کرلیا گیا اور دو گہنٹہ
سی زیادہ قید رہ کر دفتر پولیس کو دو
سنگین برہنہ کی پہرہ مین بہیجا گیا
صاحب اخبار سنتی ہین کہ صاحب
ڈپٹی کمشنر پولیس اس مقدمہ سے
تحقیقات کیا چاہتی ہین فقط ایضا ٭

بہوٹان

دیب ہور دہرم راجہ بہوٹان نی جو کمینہ
قوم کو انگریزون کی ساتہہ لڑنے
کی لئی بہرتی کیا تہا وہ اوس سے باغی
ہوگئی کیونکہ جو جو نقصان اونکو اس
لڑائی مین پہونچا اوسکی پورا کرنی سی
راجگان نی انکار کیا ہے فقط ایضا

لاہور

بموجب صدور خبر تار برقی لندن
مورخہ ۴ ماہ حال اس ہفتہ سی آگرہ
اور ماسٹر مین بینک کا دوالہ نکل گیا
داد و ستد قطعی موقوف ہوگئی اور
بینک بند ہوگیا ـ اس بینک سے
مسدودی سی کمال حیرت اور افسوس
ہی جناب لالہ رام ملا وامل صاحب وکیل

سرکار کمپو تہلہ واسطی حصول ملازمت
نواب معلے القاب گورنر جنرل بہادر
کشور ہند کی شملہ تشریف رکھتے ہین
وہان سی آجکل مین کوہ مری کی طرف
روانہ ہون گی فقط پنجابی اخبار لاہور

حیدرآباد دکن

اخبار انگریزی بنگلور ہی اکسمینر سی
منکشف ہوا کہ ہزارہا بندگان خدا
ساکنان مدراس اپنا وطن عزیز چھوڑ کر
علاقہ نواب افضل الدولہ صاحب بہادر
نظام حیدرآباد دکن مین چلی جاتی ہین
اگرچہ صاحب اخبار نی کوئی وجہ نہین
لکھی مگر ظاہرا تلاش معاش مین ان
غریبون نی جلاوطنی اختیار کی ہے
خدا حافظ و ناصر ہو فقط ایضاً

کلکتہ

صاحب انگلشمین لکھتی ہین کہ یہان
گرمی کی ازبس کثرت ہی اور لو کے
نہایت شدت ہی جس سی بہت آدمی
مرگئی اور اب بھی مرتی جاتی ہین رفتہ
رفتہ جانسی گذرتی جاتی ہین اور
گہوڑی وغیرہ جانوروں بہت ضایع
و ہلاک ہوی طپش سی تہ خاک ہوگئی
اسواسطی ٹہیکہ دارون نی کارخانہ وغیرہ
کا کام بند کردیا + ازنسیم جونپور فقط

ضرر مصاحبت ناجنس

صاحب اخبار ولایت ہوم نیوز انگریزی
لکہتی ہین کہ ہم لوگون کو کتا پالنی کا
بڑا شوق ہی اور کتی کو بہت چاہتی
ہین اور ایک جگہہ خاص اونکی واسطی
تجویز کر کی رکہتی ہین اور اونکو تکلیف
نہین دیتی اور خلاف اسکی بہت +
صاحبان ایسی ہین کہ جو کتون سے
بہت خلاملا رکہتے ہین اور اونکا
منہہ چاٹتی ہین اور اوسی طرح اونکی
لڑکی بہی کرتے ہین چنانچہ ایک
لڑکی تیرہ ۱۳ سال کی تہی اور اوسکی
لب پر ایک زخم تہا وہ ایک کتی سے
جو اوسکی باپ کا پالا ہوا تہا اوس
سی اپنی زخم کو چٹوایا کرتی تہے
اتفاقاً کتا باولا ہوکر مرگیا اور بعد
تین ہفتہ کی وہ لڑکی بہی پاگل ہوکر
راہی ملک آخرت ہوی یعنی مرگئی
ع نخست موعظ پیر می فروش این
است + کہ از مصاحبت ناجنس احتراز کنند +
فقط ایضاً

احمدآباد

سی گزٹ ناقل ہی کہ ایک ٹہیکہ دار
قوم کا کوہار سڑک ریلوی پر کام کرتا
تہا کہ سنگ مرمر کی دو تصویرین اوسکو
زمین کہودنی سی اوسکی ہاتہہ لگین
جو خوبصورتی مین لاثانی تہین رشک دہ
بہزاد و مانی تہین اور معلوم ہوا کہ دو
ہزار برس سی یہہ زیر زمین مدفون

ہتین تب بہی اون مین وہ چمک سیتے
کر انکہین جہپک جاتی ہتین چنانچہ
چنانچہ وہ کوہ نور بخوشی تمام اون
دونون مورتون کو لیجاکر سرورک
تمام قوم مینی کو دی وہ بہی خوش
ہوکر دو دوشالی اوسکو انعام دیا
اتفاقاً بوقت برآمد ہونی تصویرون
کی ایک شخص دیکہہ رہا تہا لہذا
ٹہیکہ داری واسطی اخفا اس امر
کی باتجبہ ویبہ اوسی دیا مگر اوسنے
تصور کیا کہ یہہ مورت خوبصورت
بیش قیمت ہین جاکر سڑک ریلوی
کی افسرون سے اسکی اطلاع
کی فوراً تحقیقات شروع ہوگے
مورتین منشی سی لی لی گئین اور
ٹہیکہ دار و مینا صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ
کی روبرو حاضر لائی گئی وہان سی
بعد تحقیقات کی ٹہیکہ دار پر سو روپیہ
جرمانہ اور منشی پر پچاس روپیہ
جرمانہ ہوا فقط   ایضاً

اونام

ملک اودہ مین جو اونام کا ضلع
مشہور ہی وہان کا ہر کمینہ باسئے
فساد ہی ہر سال اکثر زن و مرد
مجروح و مقتول ہوتی ہین طمع زر
یا کسی تکرار پر جان عزیز کہوتی ہین
حکام کو مجرمون کی تلاش مین کد
ہوتی ہی اہالیان پولیس کو مشقت
از حد ہوتی ہی چنانچہ ماہ گذشتہ مین سات
مقدمے خون کی دائر عدالت ہوئی
اوسمین مین چند مجرم دستیاب بدقت
ہوی فقط   از دریای لطافت

قدرتی روشنائی

پبلک اوپنین سی واضح ہوا کہ لیس انگلیز
کی مقام کیلی فورنیا مین بنیاد سنا چیل
کی قریب وجوار مین قدرتی روشنائی
کی ایک کہان دریافت ہوئی ہی وہ
روشنائی ایک دہاتی عرق پہاڑی
تیل سی مشابہ ہی اور کسیطرح کے
بو باس اوسمین نہین لکہنی کی سیاہی
کی بالکل خاصیتین اوس مین ہین
سوسیٹی فقط   ایضاً

آدمی کی چوری

جناب حاجی محمد ہاشم نازی صاحب کے
امام باڑی مین ایک عورت مع اپنی
لڑکی ہشت سالہ کی رہتی تہی ناگہان
برسون شبکو اوسپر یہ آفت گذری کہ
وقت نیم شب ایک شخص اوس لڑکی
کو جو کہ کتنی دن سی عاشق تہا اوٹہالی
گیا وقت بامداد جبکہ ماں نی بیٹی کو نپایا
شور گریہ و زاری مچایا اور پولیس مین
اس حادثہ کی خبر دی اہالیان پولیس نی
اوسکی جستجو کرنا شروع کی بلکہ موضع کرلی
سی اوس لڑکی کو مع اوس شخص دغاباز

کی مقید کرلائے سرکاری لڑکی کو
مان کی حوالہ کیا مقدمہ زیر دریافت
ہی آیندہ دیکھنا کہ اوس بدکار کو آدمی
کی چوری کی کیا سزا ملتی ہی فقط ایضا

جنگ

سیلکسی کو سی خبر آئی کہ ۲۳ تاریخ
درمیان سپاہ فرانس اور ای سیلکین
قریب مزلشان خوب لڑائی ہوئی
مقام مذکور کی گلی کوچون مین کشتون
کی پشتی لگ گئی فرانسیسی سپاہ کی
۷ سو آدمی مقتول و مجروح ہوئی
اور ۱۸ سو نی شکست کہائی صاحب
خبر لکھتی ہین کہ یقیناً ای سیلکین نے
وہان اپنا قبضہ کرلیا ہوگا خبر ہی کہ ۴ ہزار
آدمی واسطی بچانی مزلشان کی کوچ
کرنی والی ہین مگر مشہور ہی کہ دو
روز لڑائی ہوگی ایضا

عدن

صاحب الخنشین کو عدن سی خبر ملی ہی
کہ قوم ذربانی اوس طرف لوٹ
کہسوٹ مچا رکہی ہی اور اوس راستہ
جو عدن سی جاتا ہی باوصف انتظام
سلطان مسافرون کو چلنی نہین
دیتی شاید باعث اوسکا تحفظ ہو ایضا

۱

لندن

اخبار انگریزی ہوم نیوز لندن مطبوعہ ۱۹ اپریل
موصولہ وقت ہذا مین لکہا ہی کہ ایسٹر کی
روز ۶ بجی صبح سی ۱۲ بجی رات تک
۱۸ گہنٹہ کی عرصہ مین لندن کی پل پر
کو بذریعہ ۸۵۰ ریلگاڑیون وغیرہ کی
ڈہائی لاکہہ آدمیون کی آمد و رفت
ہوئی اور سال گذشتہ مین ۱۲۰۹ گاڑیون
کی وسیلہ سی صرف دو لاکہہ آدمی آئی گئی
تہی منجملہ اونکی ۵۰ ہزار آدمی بقصد گرینوک
کی ہتہ الیک اور انگریزی اخبار سی منکشف
ہوا کہ لندن مین ۳۰ مئی سنہ ۶۱ع
کو بابت فروخت ۳۰ ہزار گٹہہ روئی کی
بڑی تحقیقات ہوئی فقط ایضا

۲

بہوٹان

وہانکی تحریر سی مظہر ہوا کہ گذشتہ مین جو
کمپنی فوج وہانکی لوٹ کر رکہی گئی تہین اونہون
نی دیب راجہ سی سرکشی کی وجہ اوسکی یہ تہا کہ مذکور
کی سبب جو نقصان اونکا ہوا تہا اوسکا ہرجہ تنخواہ
سی دیب راجہ ہر دم راج انکار کرتا ہی اور یہی سنا گیا
کہ بموجب عہدنامہ مرتبہ حال کی بہوٹان کی جو دوار
شامل ممالک محروسہ سرکار انگریزی ہوئی ہین
اونمین تمام آئین و قانون مروجہ عملداری سرکار انگریزی
کا عمل درآمد ہوگیا ہی فقط [illegible]

بمقام دہلی مطبع پریس دہلی باہتمام مزاری غن سکہہ مالک مطبع کے چہاپا گیا